احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 25مارچ 2005ء 14صفر 1426ہجری 25امان 1384ہش جلد 55-90 نمبر 66

جمعہ 25مارچ 2005ء

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب فرماتے ہیں:

حضرت مسیح موعود کے چچازاد بھائی مرزا امام دین صاحب اور مرزا 3 م دین صاحب دونوں اپنی بے دینی اور د داری کی وجہ سے حضرت مسیح موعود کے سخت ترین مخالف تھے بلکہ حقیقتاً وہ (دین) کے دشمن تھے ایک دفعہ انہوں نے محض حضرت مسیح موعود کی ایذا رسانی کے لئے حضور کے گھر کے قریب والی (بیت الذکر) مبارک کے رستہ میں دیوار کھینچ دی اور (بیت الذکر) میں آنے جانے والے ~زیوں اور حضرت مسیح موعود کے قاتیوں کا رستہ بند کر دیا جس کی وجہ سے حضور کو اور قادیان کی قلیل سی جماعت احمدیہ کو سخت مصیبت کا سامنا ہوا اور وہ گویا قید کے بغیر ہی قید ہو کر رہ گئے- لاچار اس مصیبت کو دور کرنے کے لئے وکلاء کے مشورہ سے قانونی چارہ جوئی کرنی پڑی اور ایک لمبے عرصہ تک یہ تکلیف دہ مقدمہ چلتا رہا اور بالآخر خدائی بشارت کے مطابق حضرت مسیح موعود کو فتح ہوئی اور یہ دیوار گرائی گئی- اس پر حضرت مسیح موعود کے وکیل نے حضور سے اجازت لینے بلکہ اطلاع تک دینے کے بغیر مرزا امام دین صاحب اور مرزا 3 م دین صاحب کے خلاف خرچہ کی ڈگری حاصل کر کے قرقی کا حکم جاری کرالیا- اس پر مرزا صاحبان نے جن کے پاس اس وقت اس قرقی کی بے باقی کے لئے پورا روپیہ نہیں تھا حضرت مسیح موعود کو بڑی لجاجت کا خط لکھا اور یہاں تک کہلا بھیجا کہ بھائی ہو کر اس قرقی کے ذریعہ ہمیں کیوں ذلیل کرنے لگے ہو؟ حضرت مسیح موعود کو ان حالات کا علم ہوا تو آپ اپنے وکیل پر سخت خفا ہوئے کہ میری اجازت کے بغیر خرچہ کی ڈگری کیوں کرائی گئی ہے؟ اسے فوراً واپس لو- اور دوسری طرف مرزا صاحبان کو جواب بھجوایا کہ 'آپ بالکل مطمئن رہیں کوئی قرقی نہیں ہوگی- یہ ساری کارروائی میرے علم کے بغیر ہوئی ہے-

(سیرۃ طیبہ ص 59)

اللہ کا احسان ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شدید دشمن ھبار بن الاسود تھا جس کے جرائم کی وجہ سے رسول اللہؐ نے اس کے قتل کا فیصلہ فرمایا۔ فتح مکہ کے موقع پر یہ بھاگ گیا۔ بعد میں مدینہ میں آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور معافی مانگی۔ آپؐ نے فرمایا اے ھبار میں نے تجھے معاف کیا۔ اللہ کا احسان ہے جس نے تمہیں قبول اسلام کی توفیق دی۔

(السیرۃ الحلبیہ اردو جلد5ص 279)

صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی ضرورت

دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوا 1 جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں۔

تعلیمی قابلیت: ایف اے، ایف ایس سی، بی اے بی ایس سی (کم از کم 45% نمبر) کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ درخواست دینے کیلئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔ مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ Êل صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 30/اپریل 2005ء تک دفتر 3 رت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

œب درج ذیل ہے:-

الف۔ قرآن مجید ناظرہ مکمل، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان دین، ~زباترجمہ مکمل

ب۔ کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات، درثمین (b شان اسلام) مضمون بابت عقائد جماعت احمدیہ۔

ج۔ انگریزی، حساب (بمطابق معیار میٹرک) عام معلومات۔

نوٹ: 1۔ امیدوار کا خوشخط ہونا ضروری ہوگا۔

2۔ ہر جزو میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کیلئے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہونگے۔

(ناظر دیوان ۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان، ربوہ)

لینگوئج کلاسز واقفین نو ربوہ

امتحانات کی رخصتوں کے بعد لینگوئج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی ربوہ میں واقفین نو ربوہ کی مختلف زبانوں میں جاری کلاسز مورخہ 2۔ اپریل 2005ء سے 5:00 بجے سہ پہر دوبارہ شروع ہوں گی۔ طلباء والدین نیز سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات سے درخواست ہے کہ 100% حاضری کی کوشش کریں۔

(Œا رج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ و صادقہ فضل سکالرشپ 2004ء کی تقریب تقسیم اCمات

مورخہ 13 مارچ 2005ء کو دوپہر 12 بجے دفاتر اœرالله مرکزیہ کے بالائی ہال میں ''میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ'' کی چوتھی اور ''صادقہ فضل سکالرشپ'' کی پہلی تقریب تقسیم اCمات منعقد ہوئی۔ جس میں پاکستان بھر میں~یاں کارکردگی دکھانے والے احمدی طلباء وطالبات کو گولڈ میڈلز اور سکالرشپ دیئے گئے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جس کے بعد م سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے تفصیلی رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے بتایا

م شریف احمد صاحب بانی نے اپنے والد م میاں محمد صدیق بانی (مرحوم) آف کراچی کی طرف سے تعلیمی میدان میں~یاں کارکردگی دکھانے والے احمدی طلباء وطالبات کے لئے ہر سال اCمی سکالرشپ وطلائی تمغہ دیئے جانے کی جو سکیم جاری کی تھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے ساتھ اسی سلسلہ کی یہ چوتھی تقریب تقسیم اCمات منعقد کی جاری ہے۔ الحمدللہ۔ جن گروپس میں یہ اCمات دیئے جاتے ہیں وہ یہ ہیں۔

☆ایف ایس سی پری میڈ S گروپ
☆ایف ایس سی پری انجینئرنگ گروپ
☆ایف اے جنرل گروپ

ان گروپس میں پاکستان بھر میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی طالب علم/طالبہ کو ایک عدد گولڈ میڈل بوزن ایک تولہ سونا 22 قراط اور پچیس ہزار روپے اCمی سکالرشپ أ دیا جاتا ہے۔

اسی طرح میٹرک کے امتحان میں بھی دونوں گروپس (یعنی سائنس اور آرٹس گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو بھی ''میاں محمد صدیق بانی اCمی سکالرشپ'' دیئے جا 1 گے انشاء اللہ۔ اس سکیم کے تحت جو طالب علم یا طالبہ (سائنس گروپ یا جنرل گروپ) میں پاکستان بھر کے تمام احمدی طلباء/طالبات میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرتا ہے اس کو مبلغ دس ہزار روپے أ اCم دیا جاتا ہے۔

انہوں نے رپورٹ میں بتایا کہ امسال حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے ''صادقہ فضل اCمی سکالرشپ'' کے نام سے ایک سکالرشپ جاری کیا گیا ہے۔ یہ سکالرشپ محترم شیخ فضل احمد صاحب آف لاہور نے اپنی اہلیہ مرحومہ مہ صادقہ بیگم صاحبہ کے نام سے جاری کرنے کی درخواست کی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ یہ طے پایا کہ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں ''میاں محمد صدیق بانی سکالرشپ'' سے اول پوز F والوں کو جبکہ دوسری اور تیسری پوز F والوں کو ''صادقہ فضل سکالرشپ'' سے حسب ذیل تفصیل کے ساتھ ہر سال ایک لاکھ روپے کے اCمات دیئے جا 1 گے۔

☆ایف ایس سی پری میڈ S گروپ (بیس، بیس ہزار روپے کے دو اCمات)
☆ایف ایس سی پری انجینئرنگ گروپ (بیس، بیس ہزار روپے کے دو اCمات)
☆ایف اے جنرل گروپ (بیس ہزار روپے کا اCم)

حسب سابق امتحانات سے قبل الفضل، خالد مصباح اور تشحیذ الاذہان میں ان دونوں سکیموں کے تعارف قواعد وضوابط کے متعلق تفصیل کے ساتھ اعلانات شائع کروائے جاتے رہے ہیں۔

تمام بورڈز کے رزلٹ نکلتے ہی 3 رت تعلیم کو زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کے کوائف موصول ہونا شروع ہو گئے۔ ان کوائف کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ حاصل کردہ نمبروں کا Update ہر ہفتہ ساتھ ساتھ الفضل میں شائع کروایا جاتا رہا ہے۔ Catagory وائز مندرجہ ذیل تفصیل کے ساتھ درخواستیں موصول ہو 1۔

1۔ میٹرک کے مقابلہ کیلئے 10 درخواستیں
2۔ انٹرمیڈیٹ کے مقابلہ کیلئے 35 درخواستیں
اس طرح کل موصولہ درخواستوں کی تعداد 45 تھی

ان وظائف کا خلاصہ اس طرح سے ہے:۔

میاں محمد صدیق بانی میٹرک کے دو سکالرشپ میں سے ایک طالب علم نے اور ایک طالبہ نے حاصل کیا ہے۔ میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل کے تین اCمات میں سے دو اCمات طلباء نے اور ایک اCم طالبہ نے حاصل کیا ہے۔ صادقہ فضل سکالرشپ کے پانچ اCمات میں سے ایک اCم طالب علم نے جبکہ چار اCمات طالبات نے حاصل کئے۔ اس طرح کل دس اCمات میں سے چھ طالبات نے اور چار اCمات طلباء نے حاصل کئے ہیں۔

رپورٹ کے بعد مہ ومحترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ پاکستان نے خواتین کی طرف سے پوز F حاصل کرنے والی طالبات میں اCمات تقسیم کئے۔

میٹرک کے امتحان میں جنرل گروپ میں پہلی پوز F حاصل کرنے والی طالبہ مہ ملیحہ صادق صاحبہ بنت م محمد صادق صاحب آف ربوہ نے اCم وصول کیا۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 650/850 نمبر حاصل کئے ہیں۔ ایف ایس سی پری انجینئرنگ

(باقی صفحہ 12 پر)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

داخلہ برائے اردو میڈیم سیکشن

Óت جہاں اکیڈمی ربوہ

Óت جہاں اکیڈمی ربوہ اردو میڈیم سیکشن کی ہفتم اور ہشتم میں محدود سیٹوں میں داخلہ کیلئے داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2005ء ہے۔ داخلہ ٹیسٹ اردو، انگریزی اور ریاضی کے مضامین میں ہوگا۔ ٹیسٹ کلاس ہفتم کیلئے کلاس ششم اور کلاس ہشتم کیلئے کلاس ہفتم کی ٹیکسٹ بک میں سے لیا جائے گا۔ ٹیسٹ مورخہ 4/اپریل 2005ء کو بوقت ساڑھے آٹھ بجے اور انٹرویو 5۔ اپریل 2005ء کو لیا جائے گا۔ کامیاب طلباء کی لسٹ مورخہ 10۔ اپریل 2005ء کو صبح دس بجے لگائی جائے گی۔ داخلہ فارم دفتری اوقات میں Óت جہاں اکیڈمی کے دفتر سے حاصل کریں۔

(نوٹ) داخلہ فارم کے ساتھ درج ذیل دستاویزات لف کریں۔
(1) سکول لیونگ سرٹیفیکیٹ (2) برتھ سرٹیفیکیٹ
(3) ایک عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصویر
داخلہ فارم پر اندراجات برتھ سرٹیفیکیٹ کے مطابق کریں۔ (پرنسپل Óت جہاں اکیڈمی ربوہ)

دارالصناعۃ میں داخلہ

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 1/6 فیکٹری ایریا ربوہ میں مندرجہ ذیل کورسز میں داخلوں کیلئے درخواستیں مقررہ فارم پر جو ادارے سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ مطلوب ہیں۔ فوری رابطہ کریں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2005ء ہے۔

1۔ آٹو مکینک 2۔ رHیجر F رائیر کنڈیشننگ 3۔ وڈ ورک
(نوٹ: کلاسز 2 تا 6 بجے شام ہوں گی)
فون نمبر 215544-214578
(ڈائریکٹر نگران دارالصناعۃ)

درخواست دعا

م عبدالباسط مومن صاحب کارکن 3 رت تعلیم القرآن لکھتے ہیں۔ میرے بہنوئی م فیاض صاحب ابن م قریشی سیف الرحمٰن صاحب ساکن گلشن رحمٰن پشاور جن کی 7 فروری 2005ء کو روڈ ایکسیڈنٹ میں گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔ ابھی تک صاحب فراش ہیں ان کی کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

م چوہدری رضی اللہ وڑائچ صاحب وفات پاگئے

م چوہدری رضی اللہ وڑائچ صاحب ابن م چوہدری < ء اللہ صاحب وڑائچ مرحوم سابق مینیجر یونائیٹڈ بینک ربوہ بقضائے الٰہی مورخہ 16 مارچ 2005ء کو حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ ان کی عمر 59 سال تھی۔ آپ حضرت حافظ مولانا غلام رسول صاحب وزیر آبادی رفیق حضرت مسیح موعود کے نواسے اور حافظ رحیم بخش صاحب وڑائچ آف حافظ آباد کے پوتے تھے۔

مرحوم کی~ز جنازہ مورخہ 18 مارچ کو بیت اقصیٰ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے بعد~ز جمعہ پڑھائی۔ اور تدفین کے بعد محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت نے دعا کرائی۔ اس موقع پر کثیر تعداد میں احباب ومہمانان نے شرکت کی۔ مرحوم نہایت متدین، ہنس مکھ، بامروت اور مرØاں مرنج شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کے تین بھائی م ڈاکٹر صفی اللہ صاحب نیوجرسی امریکہ، م مجیب اللہ صاحب صدر جماعت احمدیہ فلاڈلفیا امریکہ، م حافظ ڈاکٹر سمیع اللہ صاحب صدر جماعت احمدیہ نارتھ جرسی، اور بہنوئی م پیر حبیب الرحمٰن صاحب فلاڈلفیا، امریکہ سے ربوہ تشریف لائے۔ پسماندگان میں والدہ مہ رضیہ بیگم صاحبہ، اہلیہ مہ زاہدہ رضی صاحبہ، تین بیٹیاں مہ بشریٰ صد L صاحبہ اہلیہ م خالد اقبال صاحب کاہلوں کینیڈا، مہ کلثوم رضی صاحبہ اور حافظہ مریم صد L صاحبہ اور ایک بیٹا حافظ ظفر اللہ (متعلم جماعت ہشتم) شامل ہیں جنہوں نے حال ہی میں تکمیل حفظ قرآن کی سعادت حاصل کی ہے۔ ان کے علاوہ دو ہمشیرگان مہ امۃ الرحمٰن صاحبہ اہلیہ م نعیم احمد چوہدری صاحب فلاڈلفیا امریکہ اور مہ رقیہ پیر صاحبہ مرحومہ اہلیہ م پیر حبیب الرحمٰن صاحب فلاڈلفیا امریکہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام < فرمائے۔ پسماندگان کو، خاص طور پر عمر رسیدہ والدہ صاحبہ کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

تحریک وصیت عطیہ چشم میں حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں۔

آج اœر اللہ کا یہ کام ہے کہ وہ اپنی عبادتوں کے بھی اعلیٰ معیار قائم کریں اور حسن سلوک کے بھی اعلیٰ معیار قائم کریں

اپنے لئے ،اپنی اولادوں کے لئے ،اپنے معاشرہ کے لئے ،دکھی انسانیت کے لئے ،غلبۂ دین کے لئے ایک تڑپ سے دعا مانگیں ۔قرآن کریم کے پڑھنے پڑھانے کی طرف بھی توجہ کریں

نیشنل عاملہ سے لے کر نچلی سطح تک عاملہ کے تمام عہدیداران کو وصیت کے بابرکت 3 م میں شامل ہونے کی تاکیدی نصیحت

(خطاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز برموقع سالانہ اجتماع مجلس اœر اللہ U.K.، 26 ستمبر 2004ء بمقام بیت الفتوح مورڈن۔لندن)

تشہد،تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور نے فرمایا:۔

الحمدللہ کہ آج آپ کو اپنا بائیسواں سالانہ اجتماع بخیر وخوبی اختتام تک پہنچانے کی توفیق مل رہی ہے۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس دفعہ حاضری بھی پچھلے سال کی نسبت زیادہ بہتر ہے اور دوسرے پروگرام بھی، تربیتی پروگرام بھی شامل کئے گئے ۔ذکرِ حبیب اور آنحضرت ﷺ کی سیرت پر تقاریر بھی ہو 1 ۔ بہر حال وہ آپ لوگوں کے علم میں اضافے اور روحانیت میں ترقی کا باعث بنی ہوں گی۔اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ ہر کوئی ان باتوں کو جو سنی گئی ہیں اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے کی کوشش کرے۔

اس مغربی معاشرے میں رہتے ہوئے، جہاں ہر قسم کی آزادی ہے، اœر اللہ کی ذمہ داری بہت بڑھ گئی ہے۔جہاں آپ کو اپنے بچوں کی طرف اپنے گھروں کی طرف توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے، بیوی کی طرف بھی توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے۔بیوی سے اگر حسنِ سلوک ہوگا تو وہ یکسوئی سے آپ کے بچوں کی صحیح تربیت کی طرف توجہ کرے گی۔

ورنہ تو وہ بچوں کی تربیت کی بجائے گھر میں ہر وقت ان بچوں کے سامنے ایسے خاوند، ایسے باپ جو صحیح طرح اپنے بیوی بچوں کی طرف توجہ نہیں دیتے ،ان کے رویوں کا ذکر ہی ہوتا رہے گا ،ان کی شکایتیں ہی ہوتی رہیں گی ۔ بچے اور ماں ایک دوسرے سے اپنے باپوں کے بارے میں رونے ہی روتے رہیں گے۔اور پھر ایسی صورت کا لازمی نتیجہ یہ نکلے گا کہ آپ کے بچے آپ سے پیچھے ہٹتے چلے جا 1 گے۔چالیس سال کی عمر کے اœر جو ہیں ان کے بچے ابھی چھوٹی عمر کے ہوتے ہیں، اس سے بڑی عمر کے اœر ہیں ان کے بچوں کی نوجوانی میں شادیاں ہو گئیں، ان کے آگے بچے ہیں، تو ہر عمر کے اœر کے گھر کا جو ماحول ہے، اس میں اگر اس کا روّیہ اپنے گھر والوں سے ٹھیک نہیں تو وہ بعض دفعہ ٹھوکر کا باعث بن سکتا ہے۔اور پھر آپ سے جب پرے ہٹیں گے تو پھر دین سے بھی پرے ہٹتے چلے جا 1 گے۔

اگر بچوں میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ ہمارا باپ یا ہمارا دادا یا ہمارا نانا دین کے بڑے خدمت گاروں میں شمار ہوتا ہے لیکن گھر کے اندر وہ اعلیٰ اخلاق جو ایک دیندار کے اندر ہونے چاہئیں ان کا اظہار نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ کی عبادت کے جو 3 رے ان بزرگوں میں Ÿ آنے چاہئیں وہ Ÿ نہیں آتے، تلاوتِ قرآن کریم کی طرف توجہ جس طرح ہونی چاہئے وہ توجہ نہیں ہوتی۔پھر بچے یہ بھی سوچتے ہیں کہ ہماری ماں کے ساتھ جو حسنِ سلوک اس گھر میں ہونا چاہئے وہ نہیں ہوتا تو باہر جا کر جس دین کی خدمت کا ایسا شخص ¶ ہ لگاتا ہے بچے کے ذہن میں یہی رہے گا کہ وہ سب ڈھکوسلا ہے۔تو پھر جیسا کہ میں نے کہا ایسے بچے دین سے بھی دُور ہو جاتے ہیں۔اور معاشرے میں اس ماحول میں شیطان تو پہلے ہی اس تاک میں بیٹھا ہوا ہے کہ کب کوئی ایسی ذہنی کیفیت والا Ÿ آئے اور کب میں اس کو اپنے جال میں پھنساؤں۔پھر ایسے بگڑتے ہوئے بچے جب شیطان اپنے جالوں میں ان کو پھنسا لیتا ہے تو بعض اوقات خدا کی ذات کے بھی انکاری ہو جاتے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ کی ذات پہ بھی یقین نہیں ہوتا کیو q انہوں نے خدا کے نام پر اپنے باپوں کو اپنے بزرگوں کو دوہرے معیار قائم کرتے دیکھا ہوتا ہے دوعملی کرتے ہوئے دیکھا ہوتا ہے۔جب ان کے بچوں کے ذہن میں شیطان یہ بات ڈال دے کہ اگر خدا ہوتا تو تمہارا باپ جو یہ دوعملیاں کر رہا ہے اس کو پکڑ نہ لیتا۔تو دیکھیں اس کے بڑے بھیانک ` ئج سامنے آسکتے ہیں اگر ایکŽ ان سوچے تو خوفزدہ ہو جاتا ہے۔اسلئے ہر احمدی کو اور خاص طور پر اœر اللہ کو جو عمر کے اس حصے میں ہیں جہاں اب صحت مزید کمزور ہونی ہے، قویٰ جو ہیں مزید کمزور ہونے ہیں اور کچھ ایسی عمر کو بھی ہیں، پتہ تو نہ جوان کا ہے نہ بچے کا، لیکن کسی وقت بھی خدا کی طرف سے بلاوا آسکتا ہے۔تو اگر ہم نے اب بھی اپنے رویوں کو بدلنے کی کوشش نہ کی، اگر اب بھی ہم نے اپنے گھر کے رَاعِیْ بننے کا حق ادا نہ کیا، اگر اب بھی ہم نے ان کی نگرانی اور حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کی تو مرنے کے بعد خدا تعالیٰ کو کیا منہ دکھا 1 گے۔اللہ تعالیٰ کے حضور جب حاضر ہوں گے تو خدا تعالیٰ پوچھے گا نہیں کہ تم نے دعویٰ تو یہ کیا تھا کہ (......)، ہم اللہ کے اœر ہیں۔کیا اللہ کے اœر ایسے ہوتے ہیں۔تم اللہ تعالیٰ کے کاموں میں مددگار بننے کی بجائے اپنی اولادوں کو بھی اللہ تعالیٰ سے دور ہٹانے والے بن رہے ہو۔جب تمہارے اپنے گھروں میں تربیت کی طرف پوری توجہ نہیں بلکہ تمہارے نمونہ کی وجہ سے تمہاری اولادوں میں ~ زوں کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں قرآن کریم پڑھنے کی عادت نہیں پڑی، تمہاری اولادوں میں دین کی غیرت نہیں ابھری ایسی غیرت کہ وہ نوجوانی میں بھی اپنی ذاتی اناؤں اور ذاتی خواہشات کو قربان کرنے والے ہوں۔اگر تمہاری بیوی، تمہاری بہو، تمہارے حسن سلوک اور عبادت گزاری کی گواہی نہیں دیتیں تو صرف مختلف مواقع پر یہ اعلان کر دینا کہ ﴿نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ﴾ اس کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اللہ کی مدد کیا ہے۔آجکل یہ کیا طر L ہے جس سے ہم اللہ کی مدد کر سکتے ہیں۔کیا اللہ تعالیٰ کی مدد گولے C نا ہے۔کیا اللہ تعالیٰ کی مدد کے لئے توپوں اور بندوقوں سے جنگ کرنا ہے؟ نہیں، بلکہ آج اœر اللہ، اللہ کے مددگاروں کا یہ کام ہے کہ وہ اپنی عبادتوں کے بھی اعلیٰ معیار قائم کریں اور حسن سلوک کے بھی اعلیٰ معیار قائم کریں۔ان کے گھروں سے ان کے ان اعلیٰ معیاروں کی خوشبو 1 اٹھتی ہوں، ان کے ماحول سے ان کے ان اعلیٰ معیاروں کی خوشبو 1 اٹھتی ہوں تبھی وہ پورے معاشرے میں اللہ کی مدد سے ان اعلیٰ معیاروں کی خوشبو 1 پھیلا سکتے ہیں۔اللہ کو تو کسی بندے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ تو ایک اعزاز ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بندوں کو دے رہا ہے کہ تم میری تعلیم پر عمل کرتے ہوئے اگر اس د میں زندگی گزاروگے اور تم میری تعلیم کو د میں پھیلاؤ گے تو اس طرح تم میرے دین کی مدد کر رہے ہوگے۔

اگر خاموشی سے بھی، زبان سے کچھ کہے بغیر بھی تمہارے عملی نمونہ سے کسی کی اصلاح ہوتی ہے اور اس وجہ سے دوسرے کے دل میں بھی اللہ تعالیٰ کے دین کی عظمت بڑھ رہی ہے تو یہ ایسے لوگ ہیں جو خاموشی سے بھی، کچھ کہے بغیر بھی اœر اللہ ہونے کا حق ادا کر رہے ہونگے۔اللہ تو تمہیں محض اور محض اپنے فضل سے اپنے مددگاروں میں شمار کر رہا ہوگا کہ تم اس کے حکموں پر عمل کرنے والے ہو اور اس وجہ سے بعض سعید روحیں راہِ راست پر آرہی ہیں، تمہارے نمونہ کو دیکھ کر سیدھے راستے پر آرہی ہیں، ورنہ اللہ کو ہماری مدد کی کیا پرواہ ہے اور کیا ضرورت ہے۔اس کو تو کوڑی کی بھی ضرورت نہیں ہماری ان مددوں کی۔

حضرت مسیح موعود کی جماعت میں اس زمانے میں بھی ہمارے پاس بے شمار مثالیں ہیں جن میں خدا تعالیٰ نے براہ راست خوابوں کے ذریعے سے لوگوں کو جماعت میں شامل ہونے کی توفیق > فرمائی بعض ایسی ٹھوکریں pl اصلاح کا باعث بن گئیں جن کی وجہ سے وہ جماعت میں شامل ہو گئے۔پھر اگر جماعت کی ضروریات کا دیکھا جائے تو ایسے ایسے رنگ میں مالی ضروریات بھی اللہ تعالیٰ نے پوری فرما 1 جب بھی ضرورت ہوئی حضرت مسیح موعود کے زمانے میں بھی اور خلفاء کے زمانے میں بھی۔اور ایسے لوگ جو اس طرح احمدی ہوئے وہ اپنے ایمانوں میں اکثر اوقات ان سے زیادہ مضبوط ہیں جتنا کہ پیدا - احمدی ہیں۔یہ واقعات اکثر و بیشتر اللہ تعالیٰ اس لئے دکھاتا ہے تاکہ ہمیں بتا سکے کہ تم یہ نہ سمجھو کہ جس مشن کو میں اپنے پیاروں کے ذریعے جاری کرتا ہوں اس کو پھیلانے کے لئے مجھے تمہاری مدد کی ضرورت ہے۔یہ تو میں اپنے بندوں پر خود بھی ظاہر کر سکتا ہوں۔ان کو راہ راست پر لانے کے طر M اور بھی ہیں۔اور اسی لئے وقتاً فوقتاً نمونے دکھاتا بھی رہتا ہوں۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تاکہ تم لوگ یہ نہ سمجھو کہ بندوں پر انحصار ہے۔

اللہ تعالیٰ کے کاموں کا۔تمہیں تو ثواب کا مستحق بنانے کے لئے، ان نیکیوں پر قائم رکھنے کے لئے، تمہیں اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کے لئے یہ موقع دیا ہے کہ اگر تم زمانے کے امام پر ایمان لائے ہو تو اس کے شکرانے کے طور پر اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بنتے ہوئے اس کام میں میرے پیاروں کا ہاتھ بٹاؤ۔جو تعلیم اس نے دی ہے اس پر عمل کرو اور اپنے نیک نمونے قائم کرو تاکہ تمہیں د اور آخرت کے ا C موں کا وارث بنایا جائے۔ورنہ خدا تعالیٰ نے جو وعدے اپنے پیاروں سے کئے ہوتے ہیں ان کی وجہ سے ان کو اس بات کی فکر نہیں ہوتی کہ اگر فلاں شخص نے میری مدد نہ کی تو غلبہ کس طرح ہوگا۔یا اگر فلاں حکومت نے مخالفت کی تو میرے کام کیسے آگے بڑھیں گے، میری

جماعت کس طرح پھیلے گی۔ اگر چند لوگ وعدہ کر کے بھول بھی جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اپنے پیاروں کی مدد کے لئے اَور لوگ لے آتا ہے، اَور جماعت پیدا کر دیتا ہے۔ ظالم حکومتوں سے بھی خود نپٹ لیتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود سے بھی اللہ تعالیٰ نے یہ وعدے کئے ہوئے ہیں اور وقتاً فوقتاً اپنی اس قدرت کا اظہار بھی کرتا رہتا ہے اور تقریباً ہر احمدی جس کا جماعت کے 3 م سے پختہ تعلق ہے اس کو اس کا تجربہ ہے۔ بہت سارے مواقع پر یہ اظہار ہوتے رہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے الہاماً بتایا تھا کہ (۔) کہ تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دلوں میں ہم اپنی طرف سے الہام کریں گے۔ حضرت اقدس مسیح موعود اس بات پر کامل یقین رکھتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سچے وعدوں والا ہے۔ وہ ضرور بضرور اپنے وعدوں کے مطابق مددگار بھیجتا رہے گا، دین کے خادم بھیجتا رہے گا، دین کی Óت کرنے والے بھیجتا رہے گا۔ اور آج سو سال سے زائد عرصہ گزرنے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ حضرت اقدس مسیح موعود سے کئے گئے اس وعدہ کو پورا فرما رہا ہے اور آئندہ بھی فرمائے گا اور فرماتا C جائے گا۔ انشاء اللہ۔ لیکن ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے اور اپنے عملوں کو درست کرتے ہوئے خدا سے یہ دعا مانگنی چاہئے کہ ہمارا بھی ان رِجال میں شمار ہو جن کو خدا تعالیٰ قبول کرتے ہوئے مسیح موعود کے مددگاروں میں شامل کرے گا۔ ورنہ اگر ہمارے عمل اس قابل نہیں، ہماری عبادتیں سوز و گداز سے بھری ہوئی نہیں، ہم اللہ کی Ÿ میں مقبول نہیں تو لاکھ ہم ﴿نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہ﴾ کہتے رہیں اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اور دوسرے لوگ آ کر یہ مقام لے جا 1 گے۔ اللہ تعالیٰ تو اس طرح قبول نہیں کرتا وہ تو یہی کہے گا کہ پہلے اپنی حالت درست کرو، اپنے اعمال درست کرو، اZنی حقوق ادا کرو، پھر میرے دین کے مددگار کہلا سکتے ہو۔

پس ہر ایک کو ہم میں سے اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ کیا ﴿نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ﴾ کا ¶ ہ لگانے سے پہلے غور بھی کیا ہے کہ یہ کتنا گہرا اور وسیع ¶ ہ ہے۔ کیا کیا قربا ں دینی پڑیں گی اس کے لئے اور قربا ں ہیں کیا، جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا کوئی جنگ ،توپ، گولہ نہیں ہے، کسی گولے کے آگے کھڑا ہونا نہیں ہے، کسی توپ کے منہ کے سامنے کھڑے ہونا نہیں ہے ، تیروں کی بوچھاڑ کے آگے کھڑے ہونا نہیں ہے۔ صحابہ کرامؓ، جو آنحضرت ﷺ کے صحابہ تھے ان کی طرح گرد کٹوانا نہیں ہے۔ ہاں یہ قربا ں بھی اللہ تعالیٰ کبھی کبھار اکّا دکّا لے لیتا ہے۔ نمونے قائم رکھنے کے لئے اس طرح کرتا ہے۔ لیکن قربانی جو اس زمانے میں کرنی ہے وہ یہ ہے کہ اپنی عبادتوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے ہیں۔ اپنے معاشرہ کے حقوق ادا کرنے ہیں۔ اپنے مالوں کی قربا ں دینی ہیں۔

پس اœا راللہ کا فرض بنتا ہے اور میں بار بار کہتا ہوں کہ اپنی عبادتوں کو زندہ کریں، اپنے لئے ، اپنی اولادوں کیلئے، اپنے معاشرہ کیلئے، دکھی اZس کیلئے، غلبہٴ...... کیلئے ایک تڑپ سے دعا مانگیں۔ آخرت کی فکر اپنے دلوں میں پیدا کریں جب آخرت کی فکر زیادہ ہوگی تو معاشرہ کے حقوق ادا کرنے کی طرف بھی توجہ زیادہ ہوگی، قرآن کریم کے پڑھنے، پڑھانے کی طرف بھی توجہ کریں۔ اس بارہ میں اœا راللہ نے پروگرام بھی بنالیا ہے اور میرا خطبہ بھی سن لیا ہے۔ قربانی کرتے ہوئے ہر ایک کا حق ادا کریں، اس کا حق اس کو دینے کی کوشش کریں۔ دوسروں کی برائیوں پر Ÿ رکھنے کی بجائے اپنی برائیوں کو دیکھیں تو پھر اصلاح بھی ہوگی اور اصلاح کی طرف توجہ بھی پیدا ہوگی۔ پھر مالی قربانیوں کی طرف توجہ کریں، اپنے عہدوں کو پورا کریں۔ آپ نے عہد کیا ہے کہ احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت کیلئے قربانی کرتا رہوں گا۔ یہ جو بھی عہد دہرایا ہے، پس اس بارہ میں سوچیں، غور کریں کہ کہاں تک اس عہد کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ کہاں تک اپنے آپ کو اس کے لئے تیار کیا ہے۔

مَیں نے جلسہ کی تقریر کے دوران آخری دنوں میں اœا راللہ کے ذمّہ بھی یہ لگایا تھا کہ وہ 3 مِ وصیت میں شامل ہونے کی طرف توجہ دیں، اس بارے میں بھی کوشش کریں۔ ایک بہت بڑی تعداد ہے جو صفِ دوم کے اœا ر پر مشتمل ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کی تلقین بھی تبھی کامیاب ہوگی، تبھی کارآمد ہوگی جب حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس 3 م میں بھی شامل ہوں گے۔ کیوq حضرت مسیح موعود نے اس میں شامل ہونے والوں کے لئے بہت دعا 1 کی ہوئی ہیں۔ اور جس کو یہ دعا 1 لگ جا 1 اس کی د بھی سنور جائے گی اور اس کی آخرت بھی سنور جائے گی۔ پس اس طرف بھی توجہ کریں۔ اور سب سے پہلے میں یہاں کہوں گا کہ تمام عہدیداران جو ہیں ان کو اس 3 م میں شامل ہونا چاہئے نیشنل عاملہ سے لیکر نچلی سے نچلی سطح تک جو بھی عاملہ ہے اس کے لیول تک۔ ہر عاملہ کا ممبر اس 3 م میں شامل ہو، تبھی وہ تلقین کرنے کے قابل بھی ہوگا۔

پس یہ طریق ہیں Óت کے وعدے کو پورا کرنے کے، یہ طریق ہیں اپنے وعدے کو سچا کرنے کے اور یہ طریق ہیں اللہ تعالےٰ کی برکات اس کے نتیجے میں حاصل کرنے کے۔ اللہ تعالیٰ کے دین نے تو انشاء اللہ تعالیٰ غالب آنا ہے اور یہ خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے جیسے اس نے حضرت مسیح موعود کو بھی الہاماً فرمایا تھا اور اتفاق یہ ہے کہ آج سے سو سال پہلے کا یہ الہام ہے۔ دو، تین اکتوبر کا کہ (۔) (تذکرہ، صفحہ 520، مطبوعہ 1969ء، ربوہ) کہ دین پہلے بھی Óت ہی سے غالب آیا تھا اب بھی دوبارہ وہ Óت ہی کے ذریعہ سے غالب آئے گا۔ پس جہاں یہ الہام ہمیں یہ تسلی دے رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں احمدیت کو بھی غلبہ < کروں گا اسی طرح جیسے پہلے (۔) کو غلبہ < ہوا تھا۔ کہیں کوئی کم عقل یہ نہ سمجھ لے کہ شائد میری کسی کوشش کی وجہ سے یا میرے کسی کام کی وجہ سے یا میرے کسی کارنامے کی وجہ سے، میری کسی قربانی کی وجہ سے غلبہ < ہو رہا ہے یا جماعت میں ترقی ہو رہی ہے۔ اس بارہ میں اور بھی بہت سارے الہامات ہیں Óت کے بارہ میں اللہ تعالیٰ کے۔ تو جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہمیں اللہ تعالیٰ نے اœا ر بنا کر برکتیں سمیٹنے کا موقع دیا ہے۔ پس ان برکتوں کو اگر جاری رکھنا ہے، اپنی نسلوں کی اصلاح کی خواہش اگر آپ کو ہے اور تمنا ہے، تو عملی نمونے قائم کرنے ہونگے۔ گھروں میں بھی، ماحول میں بھی، معاشرہ میں بھی۔ عبادتوں کے بھی عملی نمونے، اعلیٰ اخلاق کے بھی عملی نمونے اور قربانی کے معیار کے بھی نمونے قائم کرنے ہوں گے۔

پس یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے، جیسا کہ میں نے کہا، کہ ہمیں اœا راللہ بنا کر اس ثواب کا مستحق بنا رہا ہے۔ ہمیں ان ترقیات میں ہماری حقیر سی کوششوں کو قبول فرماتے ہوئے شامل فرما رہا ہے جو جماعت کے لئے اس نے مقدر کی ہوئی ہیں۔ جس کا اس نے حضرت مسیح موعود سے وعدہ کیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب اœا ر کو حقیقی معنوں میں اœا راللہ بننے کی توفیق < فرمائے۔ اور خدا کرے کہ یہ غلبہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ سکیں۔ ہمارے اعمال کی کمزوریاں کہیں ہمیں ان 3 روں کے دیکھنے سے، جس کے خدا تعالیٰ نے اپنے مسیح سے وعدے کئے ہیں۔ محروم نہ کر دیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں: ''د جائے گزشتنی وگزاشتنی ہے اور جب اZان ایک ضروری وقت میں ایک نیک کام کے بجالانے میں پوری کوشش نہیں کرتا تو پھر وہ گیا ہوا وقت ہاتھ نہیں آتا۔

پھر آپ نے فرمایا کہ:

''یہ مت خیال کرو کہ مال تمہاری کوششوں سے آتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔ اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجالا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کیلئے بلاتا ہے۔ اور میں سچ کہتا ہوں کہ اگر تم سب کے سب مجھے چھوڑ دو اور خدمت اور امداد سے پہلوتہی کرو تو وہ ایک قوم پیدا کر دے گا کہ اس کی خدمت بجالائے گی۔ تم یقیناً سمجھو کہ یہ کام آسمان سے ہے۔ اور تمہاری خدمت صرف تمہاری بھلائی کے لئے ہے۔ پس ایسا نہ ہو کہ تم دل میں تکبر کرو اور یا یہ خیال کرو کہ ہم خدمتِ مالی یا کسی قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ میں بار بار تمہیں کہتا ہوں کہ خدا تمہاری خدمتوں کا ذرا محتاج نہیں، ہاں تم پر یہ اس کا فضل ہے کہ تم کو خدمت کا موقعہ دیتا ہے......''

پھر آپ فرماتے ہیں کہ: ''تمہیں معلوم نہیں کہ اس وقت رحمتِ الٰہی اس دین کی تا * میں جوش میں ہے اور اس کے فرشتے دلوں پر نازل ہو رہے ہیں۔ ہر ایک عقل اور فہم کی بات جو تمہارے دل میں ہے وہ تمہاری طرف سے نہیں بلکہ خدا کی طرف سے ہے۔ آسمان سے عجیب سلسلہٴ انوار جاری اور نازل ہو رہا ہے۔ پس میں بار بار کہتا ہوں کہ خدمت میں جان توڑ کر کوشش کرو دل میں مت لاؤ کہ ہم نے کچھ کیا ہے۔ اگر تم ایسا کرو گے (یعنی دل میں اگر لاؤ گے) ہلاک ہو جاؤ گے۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 497)

اللہ کرے کہ ہم حقیقی معنوں میں اœا راللہ بھی ہوں اور حضرت اقدس مسیح موعود کی توقعات پر پورا اترنے والے ہوں اور ان تمام دعاؤں کے وارث ہوں جو آپ نے اپنی جماعت کے نیک لوگوں کیلئے کی ہیں۔ اللہ توفیق دے۔

(الفضل انٹرنیشنل 31 دسمبر 2004ء)

❁❁❁❁❁

آؤ سچ بولیں

کھلا ہے جھوٹ کا بازار آؤ سچ بولیں
نہ ہو بلا سے خریدار ، آؤ سچ بولیں
سکوت چھایا ہے اZس کی قدروں پر
یہی ہے موقع اظہار، آؤ سچ بولیں
ہمیں گواہ بنایا ہے وقت نے اپنا
بنام عظمتِ کردار، آؤ سچ بولیں
سنا ہے وقت کا حاکم بڑا ہی منصف ہے
پکار کر سرِ دربار، آؤ سچ بولیں
تمام شہر میں ایک بھی نہیں منصور؟
کہیں گے کیا رسن و دار، آؤ سچ بولیں
جو وصف ہم میں نہیں کیوں کریں کسی میں تلاش
اگر ضمیر ہے بیدار، آؤ سچ بولیں
چھپائے سے کہیں چھپتے ہیں داغ چہروں کے
Ÿ ہے آئینہ بردار، آؤ سچ بولیں
قتیلؔ جن پہ سدا پتھروں کو پیار آیا
کدھر گئے وہ گنہ گار، آؤ سچ بولیں

قتیل شفائی

☆......☆......☆

مکرم قمر احمد صاحب

زندگی بخش جام۔ توبہ

توبہ کا مضمون ایک زندگی بخش مضمون ہے۔ زندگی بخش صرف اس کے لئے کہ جو سچی توبہ کا ارادہ کرتا ہے۔ ایسا شخص جو f امارہ سے مغلوب ہوتا ہے، لیکن فوراً پیچھے ہٹتا اور استغفار کی طرف مائل ہوتا اور اپنے کئے پر نادم و شرمندہ ہوتا ہے۔ ایسے شخص کو جب علم ہوتا ہے کہ اس کے خدا نے اس کے لئے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے تو یہ اس کے لئے زندگی کا پیغام بن جاتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو شائد وہ احساس جرم سے ہی گھٹ گھٹ کر مر جاتا۔ تو یہ ہمارے خدا کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے اور یہ اعلیٰ تعلیم صرف قرآن نے ہی دی ہے جس کی نظیر کسی دوسرے مذہب میں نہیں ملتی۔

قرآن کریم میں خدائے غفور و رحیم فرماتا ہے:۔

''تو (ان کو ہماری طرف سے) کہہ دے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جان پر (گناہ کرکے) ظلم کیا ہے اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے۔ وہ بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

(سورۃ الزمر آیت :54)

توبہ کی حقیقت

اب پہلے یہ سمجھنا چاہئے کہ توبہ ہے کیا چیز؟ کیا منہ سے توبہ توبہ کہہ دینا یا استغفر اللہ کے الفاظ دہرا لینا توبہ ہے؟ نہیں! بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک لمبے مجاہدہ کا نام ہے جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے اسے خوب کھول کر بیان فرمایا ہے:۔

''توبہ اس حالت کا نام ہے کہ انسان اپنے معاصی سے جن سے اس کے تعلقات بڑھے ہوئے ہیں اور اس نے اپنا وطن انہیں مقرر کرلیا ہوا ہے، گویا کہ گناہ میں اس نے بود و باش مقرر کرلی ہوئی ہے۔ اس وطن کو چھوڑنا اور رجوع کے معنے پاکیزگی کو اختیار کرنا۔ اب وطن کو چھوڑنا بڑا گراں گزرتا ہے اور ہزاروں تکلیفیں ہوتی ہیں۔ ایک گھر جب انسان چھوڑتا ہے تو کس قدر اسے تکلیف ہوتی ہے اور وطن کو چھوڑنے میں تو اس کو سب یار دوستوں سے قطع تعلق کرنا پڑتا ہے اور سب چیزوں کو مثل چارپائی، فرش و ہمسائے، وہ گلیاں کوچے، بازار سب چھوڑ چھاڑ کر ایک نئے ملک میں جانا پڑتا ہے۔ یعنی اس (سابقہ) وطن میں کبھی نہیں آتا۔ اس کا نام توبہ ہے۔ معصیت کے دوست اور ہوتے ہیں اور تقویٰ کے دوست اور۔ اس تبدa کو صوفیاء نے موت کہا ہے۔ جو توبہ کرتا ہے، اسے بڑا حرج اٹھانا پڑتا ہے اور سچی توبہ کے وقت بڑے بڑے حرج اس کے سامنے آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہے۔ وہ جب تک اس کل کا o البدل < نہ فرماوے نہیں مارتا۔ ان اللّٰہ یحب التوابین (البقرہ :223) میں یہی اشارہ ہے کہ وہ توبہ کرکے غریب، بیکس ہو جاتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ اس سے محبت اور پیار کرتا ہے اور اسے نیکوں کی جماعت میں داخل کرتا ہے۔

اگر اللہ رحیم نہ ہوتا تو انسان کا ایک دم گزارہ نہ ہوتا۔ جس نے انسان کے عمل سے پیشتر ہزاروں اشیاء اس کے لئے مفید بنا 1، تو کیا یہ گمان ہوسکتا ہے کہ توبہ اور عمل کو قبول نہ کرے۔''

(ملفوظات جلد نمبر 1 ص 2)

گناہ کی حقیقت

پھر فرمایا:۔ ''گناہ کی یہ حقیقت نہیں ہے کہ اللہ گناہ کو پیدا کرے اور پھر ہزاروں برس کے بعد گناہ کی معافی سوجھے۔ جیسے مکھی کے دو پر ہیں۔ ایک میں شفا اور دوسرے میں زہر۔ اسی طرح انسان کے دو پر ہیں ایک معاصی کا دوسرا خجالت، توبہ، پریشانی کا۔ یہ ایک قاعدہ کی بات ہے جیسے ایک شخص جب غلام کو سخت مارتا ہے تو پھر اس کے بعد پچھتاتا ہے۔ گویا دونوں پر اکٹھے حرکت کرتے ہیں۔ زہر کے ساتھ تریاق ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ زہر کیوں بنایا گیا؟ تو جواب یہ ہے کہ گو یہ زہر ہے، کشتہ کرنے سے حکم اکسیر کا رکھا ہے۔ اگر گناہ نہ ہوتا تو رعونت کا زہر انسان میں بڑھ جاتا اور وہ ہلاک ہو جاتا۔ توبہ اس کی تلافی کرتی ہے۔ کبر اور عجب کی آفت سے گناہ انسان کو بچائے رکھتا ہے۔ جب نبی معصومؐ ستر بار استغفار کرے تو ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ گناہ سے توبہ وہی نہیں کرتا جو اس پر راضی ہو جاوے اور جو گناہ کو گناہ جا` ہے، وہ آخر اسے چھوڑے گا۔

حدیث میں آیا ہے کہ جب انسان بار بار رو رو کر اللہ سے بخشش چاہتا ہے تو آخر کار خدا کہہ دیتا ہے کہ ہم نے تجھ کو بخش دیا۔ اب تیرا جو جی چاہے سو کر۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ اس کے دل کو بدل دیا اور اب گناہ اسے بالطبع برا معلوم ہوگا۔ جیسے بھیڑ کو میلا کھاتے دیکھ کر کوئی دوسرا حرص نہیں کرتا کہ وہ بھی کھاوے، اسی طرح وہ انسان بھی گناہ نہ کرے گا جسے خدا نے بخش دیا ہے۔

(ملفوظات جلد نمبر 1 ص 3)

اب سوال یہ ہے کہ ہم حقیقی معنوں میں توبہ کیسے کر سکتے ہیں؟ حضرت مسیح موعود نے اس سلسلہ میں کچھ شرائط بیان فرمائی ہیں:۔

توبہ کی تین شرائط

فرمایا:۔ ''............توبہ کے تین شرائط ہیں بدوں ان کی تکمیل کے سچی توبہ جسے توبۃ النصوح کہتے ہیں، حاصل نہیں ہوتی۔''............

1۔ پہلی شرط اقلاع:۔ ....''یعنی ان خیالات فاسدہ کو دور کر دیا جاوے جو ان خصائل ردیہ کے محرک ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ تصورات کا بڑا بھاری اثر پڑتا ہے، کیونکہ حیطۂ عمل میں آنے سے پیشتر ہر ایک فعل ایک تصوری صورت رکھتا ہے۔ پس توبہ کے لئے پہلی شرط یہ ہے کہ ان خیالات فاسدہ و تصورات بد کو چھوڑ دے۔ مثلاً ایک شخص کسی عورت سے کوئی ناجائز تعلق رکھتا ہے، تو اسے توبہ کرنے کے لئے پہلے ضروری ہے کہ اس کی شکل کو بدصورت قرار دے اور اس کی تمام خصائل رزیلہ کو اپنے دل میں مستحضر کرے، کیونکہ جیسا میں نے ابھی کہا ہے۔ تصورات کا اثر بہت زبردست اثر ہے۔............''۔

2۔ ''دوسری شرط ندم ہے یعنی پشیمانی اور ندامت ظاہر کرنا۔ ہر ایک انسان کا کانشنس اپنے اندر یہ قوت رکھتا ہے کہ وہ اس کو ہر برائی پر متنبہ کرتا ہے، یہ بدبخت انسان اس کو معطل چھوڑ دیتا ہے۔ پس گناہ اور بدی کے ارتکاب پر پشیمانی ظاہر کرے اور یہ خیال کرے کہ یہ لذات عارضی اور چند روزہ ہیں اور پھر یہ بھی سوچے کہ ہر مرتبہ اس لذت اور حظ میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ بڑھاپے میں آ کر جبکہ قویٰ بیکار اور کمزور ہو جا 1 گے۔ آخر ان سب لذات د کو چھوڑنا ہوگا۔ پس جبکہ خود زندگی ہی میں یہ سب لذات چھوٹ جانے والی ہیں، تو پھر ان کے ارتکاب سے کیا حاصل؟ بڑا ہی خوش قسمت ہے وہ انسان جو توبہ کی طرف رجوع کرے اور جس میں اول اقلاع کا خیال پیدا ہو یعنی خیالات فاسدہ و تصورات بیہودہ کا قلع قمع کرے۔ جب یہ Ø ست اور ناپاکی نکل جاوے تو پھر نادم ہو اور اپنے کیے پر پشیمان ہو۔''

3۔ ''تیسری شرط عزم ہے۔ یعنی آئندہ کے لئے مصمم ارادہ کرلے کہ پھر ان برائیوں کی طرف رجوع نہ کرے گا اور جب وہ مداومت کرے گا، تو خداتعالیٰ اسے سچی توبہ کی توفیق < کرے گا۔ یہاں تک کہ وہ سیئات اس سے قطعاً زایل ہوکر اخلاق حسنہ اور افعال حمیدہ اس کی جگہ لے لیں گے اور یہ فتح ہے اخلاق پر۔ اس پر قوت اور طاقت بخشنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے، کیونکہ تمام طاقتوں اور قوتوں کا مالک وہی ہے۔

(ملفوظات جلد نمبر 1 ص 87`88)

پس جو بھی ان مندرجہ بالا شرائط کو پورا کرتا ہے اس کے لئے ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ میں خوشخبری دی ہے کہ

کہ گناہ سے توبہ کرنے والا اس کی طرح ہو جاتا ہے جس نے کوئی گناہ کیا ہی نہ ہو۔

اب دیکھیں کتنا پیارا ہے یہ پیغام بلکہ درحقیقت مردہ جسم کو زندگی بخشنے والا پیغام ہی یہی ہے اس جسم کو جو گناہ تو کر بیٹھا لیکن اب ندامت و شرمندگی سے مرا جا رہا ہے کہ کس منہ سے خدا کے حضور حاضر ہو، تب یہ پیغام زندگی بخش پیغام بن کر آتا ہے اور اسے مایوسی کے گڑھوں سے نکالتا ہے اور ڈھارس بندھاتا ہے کہ ابھی وقت ہے کہ توبہ کرو اور پھر خدا کے ہو جاؤ۔ لیکن یہ توبہ ایسے شخص کے لئے زندگی بخش نہیں جسے اپنے کئے پر ندامت ہی نہیں، خدا کا خوف ہی نہیں۔ جس کی توبہ محض زبان کی حرکت ہے اور کچھ نہیں۔

`ئج توبہ

قبولیت توبہ کے متعلق حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''حقیقی توبہ انسان کو خداتعالیٰ کا محبوب بنا دیتی ہے اور اس سے پاکیزگی اور طہارت کی توفیق ملتی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے (۔) (البقرہ :223) یعنی اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور نیز ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو گناہوں کی کشش سے پاک ہونے والے ہیں۔ توبہ حقیقت میں ایک ایسی شئے ہے کہ جب وہ اپنے حقیقی لوازمات کے ساتھ کی جاوے تو اس کے ساتھ ہی انسان کے اندر ایک پاکیزگی کا بیج بویا جاتا ہے۔ جو اس کو نیکیوں کا وارث بنا دیتا ہے۔ یہی باعث ہے جو آنحضرتؐ نے بھی فرمایا ہے کہ گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہوتا ہے کہ گویا اس نے کوئی گناہ نہیں کیا۔ یعنی توبہ سے پہلے کے گناہ اس کے معاف ہو جاتے ہیں۔ اس وقت سے پہلے جو کچھ بھی اس کے حالات تھے اور جو بیجا حرکات اور بے اعتدالیاں اس کے چال چلن میں پائی جاتی تھیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو معاف کر دیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک عہد صلح باندھا جاتا ہے اور حساب شروع ہوتا ہے۔ پس اگر اس نے خداتعالیٰ کے حضور سچے دل سے توبہ کی ہے تو اسے چاہئے کہ اب اپنے گناہوں کا حساب نہ ڈالے اور پھر اپنے آپ کو گناہ کی ناپاکی سے آلودہ نہ کرے بلکہ ہمیشہ استغفار اور دعاؤں کے ساتھ اپنی طہارت اور صفائی کی طرف متوجہ رہے اور خداتعالیٰ کو راضی اور خوش کرنے کی فکر میں لگا رہے اور اپنی اس زندگی کے حالات پر نادم اور شرمسار رہے جو توبہ کے زمانے سے پہلے گزری ہے۔............

پس یہ خداتعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے اور وہ توبہ کرنے والے کے گناہ بخش دیتا ہے اور توبہ کے ذریعہ انسان پھر اپنے رب سے صلح کرسکتا ہے۔ دیکھو انسان پر جب کوئی جرم ثابت ہو جائے تو وہ قابل سزا ٹھہر جاتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (طٰہٰ :75) یعنی جو اپنے رب کے حضور مجرم ہوکر آتا ہے اس کی سزا جہنم ہے وہاں وہ نہ جیتا ہے نہ مرتا ہے۔ یہ ایک جرم کی سزا ہے اور جو ہزاروں لاکھوں جرموں کا مرتکب ہو اس کا کیا حال ہوگا۔ لیکن اگر کوئی شخص عدالت میں پیش ہو اور بعد ثبوت اس پر فرد قرارداد جرم بھی لگ جاوے اور اس کے بعد عدالت اس کو چھوڑ دے تو کس قدر احسان عظیم اس حاکم کا ہوگا۔ اب غور کرو کہ یہ توبہ وہی بریت ہے جو فرد قرارداد جرم کے بعد حاصل ہوتی ہے توبہ کرنے کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ پہلے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد 3 ص 432`433)

سچی توبہ کرنے والے کو ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نوید سنائی ہے کہ:

اپنے بندے کی توبہ پر اللہ تعالیٰ اتنا خوش ہوتا ہے کہ اتنی خوشی اس آدمی کو بھی نہیں ہوئی ہوگی جسے جنگل بیابان میں (کھانے پینے سے لدا ہوا) گم شدہ اونٹ اچانک مل جائے۔

حضرت مسیح موعود خوشخبری دیتے ہیں کہ:۔

''گناہ جو انسان سے صادر ہوتا ہے اگر انسان یقین سے توبہ کرے تو خدا بخش دیتا ہے۔'' ....

ملفوظات جلد 3 ص 333)

''گناہ سچی توبہ سے دور ہو جاتا ہے۔ سچی توبہ عصمت وحفاظت کا ایک جامہ پہناتی ہے۔''

(ملفوظات جلد 3 ص 333)

''یہ سچی بات ہے کہ توبہ واستغفار سے گناہ بخشے جاتے ہیں اور خداتعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے۔ (۔) (البقرہ: 223) سچی توبہ کرنے والا معصوم کے رنگ میں ہوتا ہے۔ پچھلے گناہ تو معاف ہو جاتے ہیں پھر آئندہ کے لئے خدا سے معاملہ صاف کرلے اس طرح پر خدا کے اولیاء میں داخل ہوجائے گا اور پھر اس پر کوئی خوف وحزن نہ ہوگا۔ (ملفوظات جلد 3 ص 595)

''اللہ تعالیٰ میں یہ صفت مومن کے لئے بہت ہی مفید ہے کہ توبہ اور استغفار سے اس کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ اگر یہ صفت نہ ہوتی تو پھر انسان کی بالکل تباہی ہو جاتی۔ یہ بہت ہی بڑی صفت ہے کہ اس کی بارگاہ میں سچی توبہ کرنے سے انسان بالکل معصوم ہو جاتا ہے گویا اس نے کبھی کوئی گناہ کیا ہی نہ تھا۔''

(ملفوظات جلد 3 ص 595)

بشارات

''جب انسان سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے پہلے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔ پھر اسے نیک اعمال کی توفیق ملتی ہے۔ اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ خدا اس کے دوستوں کا دوست اور اس کے دشمنوں کا دشمن ہو جاتا ہے اور وہ تقدیر جو شامت اعمال سے اس کے لئے مقرر ہوئی ہے دور کی جاتی ہے۔ اس امر کے دلائل بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ انسان اپنی اس مختصر زندگی میں بلاؤں سے محفوظ رہنے کا کس قدر محتاج ہے اور چاہتا ہے کہ ان بلاؤں اور وباؤں سے محفوظ رہے جو شامت اعمال کی وجہ سے آتی ہیں اور یہ ساری باتیں سچی توبہ سے حاصل ہوتی ہیں۔ پس توبہ کے فوائد میں سے ایک یہ بھی فائدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا حافظ اور نگران ہو جاتا ہے۔ اور ساری بلاؤں کو خدا دور کر دیتا ہے اور ان منصوبوں سے جو دشمن اس کے لئے تیار کرتے ہیں ان سے محفوظ رکھتا ہے۔''

(ملفوظات جلد 4 ص 120)

تو آئیں آج ہم یہ عہد کریں کہ سچی توبہ اور استغفار کو زندگی کا حصہ بنائیں گے کیونکہ اس کے بغیر حقیقی زندگی نہیں بلکہ ہر لمحہ موت کی طرف بڑھنے کا نام ہے۔ اگر ہم ایسا کریں کہ اس زندگی بخش جام کو پیئیں تو پھر ہمارے لئے بشارات ہی بشارات ہیں اور وہ پیارا خدا پھر ہمارا خدا ہے جو اگر مل جائے تو ساری کائنات ہماری ہو جائے۔ خدا کرے کہ ایسا ہی ہو۔ آمین ثم آمین۔

رپورٹ: قمر احمد صاحب

مجلس انصار اللہ جرمنی کا دورہ ہالینڈ

مجلس انصار اللہ جرمنی کے انصار کھلاڑیوں پر مشتمل ایک ٹیم نے اکتوبر 2004ء میں ہالینڈ میں مجلس انصار اللہ ہالینڈ کی دعوت پر سالانہ اجتماع میں شرکت کی اور اجتماع کے علمی، ورزشی و دیگر پروگراموں میں شامل ہو کر روحانی پاکیزہ ماحول کی برکات سے استفادہ ہونے کا موقعہ پایا۔

قیادت ھذا کے سالانہ لائحہ عمل کی روشنی میں صدر صاحب مجلس انصار اللہ جرمنی کی منظوری کے بعد انصار کی سپورٹس ٹیم کی تشکیل وتیاری کے لئے تمام ناظمین علاقہ سے رابطہ کیا گیا اور انہیں اپنی [illegible] کے بہترین و مخلص ناصر جو اچھے کھلاڑی ہوں۔ آل راؤنڈر کھلاڑیوں کی حیثیت سے مرکزی ٹیم میں شمولیت کے اہل ہوں، کا نام بھجوانے کی درخواست کی گئی۔ ناظمین علاقہ کے تعاون سے نام موصول ہونے کے بعد ان ناصر بھائیوں سے ذاتی طور پر بھی رابطہ قائم کیا گیا۔ باہمی مشورہ کے بعد 15 انصار کو اس ٹیم کے لئے منتخب کیا گیا۔ مکرم صدر صاحب مجلس انصار اللہ کی ہدایت کے مطابق انصار کھلاڑیوں کی یہ ٹیم خاکسار کی قیادت میں مورخہ 9 اکتوبر 2004ء بیت السبوح سے اجتماعی دعا کے بعد صبح نو بجے ہالینڈ نن سپٹ کے لئے روانہ ہوئی۔ کولون سے کچھ آگے نکل کر آٹوبان پر چائے کے لئے مختصر وقفے کے بعد دوپہر ایک بجے کے لگ بھگ یہ قافلہ ہالینڈ کے بارڈر پر پہنچ گیا جہاں پر طے شدہ پروگرام کے تحت ناظم علاقہ ویسٹ فالن عبدالواسع چوہدری صاحب ٹیم میں شامل ہو کر نن سپٹ جانے کے لئے انتظار میں کھڑے تھے۔ ان کی قافلے میں شمولیت اور راہنمائی کے ساتھ سہ پہر تین بجے کے لگ بھگ نن سپٹ میں آمد ہوئی جہاں پر صدر صاحب مجلس انصار اللہ ہالینڈ مع نائب صدر صاحب اور ان کی مجلس عاملہ کے اراکین نے استقبال کیا۔ طعام وصلوٰۃ کے بعد اجتماع کے تلقین عمل کے پروگرام میں شرکت کی گئی۔ ازاں بعد ورزشی مقابلہ جات کے واسطے مشن ہاؤس سے بذریعہ کار گراؤنڈز کے لئے روانگی ہوئی۔ اس سے قبل تلقین عمل کے اجلاس کے اختتام پر وہاں موجود مربی سلسلہ پولینڈ حامد کریم صاحب اور مربی سلسلہ بیلجیئم نصیر احمد شاہد صاحب نے جرمنی سے آئی ہوئی ہماری ٹیم کو خوش آمدید کہا اور تمام انصار سے فرداً فرداً مصافحہ کیا اور سب سے حال احوال دریافت کیا۔ ورزشی مقابلہ جات کے پروگرام میں ہالینڈ کے انصار کی ایک منتخب ٹیم کا فٹبال میچ ہماری ٹیم کے ساتھ رکھا گیا تھا۔ گراؤنڈ میں پہنچنے پر جماعت ہالینڈ کے نیشنل امیر محترم ھبۃ النور صاحب نے ہماری ٹیم کا استقبال کیا۔ نائب امیر صاحب ہالینڈ بھی موجود تھے۔ انہوں نے ٹیم کے تمام اراکین سے ان کی خیریت دریافت کی تعارف حاصل کیا اور اجتماع میں شرکت اور ہالینڈ آنے کا پروگرام بنانے اور اس مقصد کے لئے اس سفر کو اختیار کرنے پر اپنی جانب سے ممنوس کا اظہار فرمایا نیز دورہ کے نیک مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے دعا دی۔ بعد میں نیشنل امیر صاحب اور نائب امیر صاحب نے از راہ شفقت گراؤنڈ میں تشریف لا کر دونوں ٹیموں کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ انصار سے مصافحہ کرنے اور گروپ فوٹو بنوانے کے بعد کچھ وقت میچ بھی ملاحظہ فرمایا۔ اس موقعہ پر مجلس انصار اللہ ہالینڈ کی جانب سے گراؤنڈ پر ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔ فٹبال کے اس دوستانہ میچ کے اختتام پر مشن ہاؤس واپسی کے بعد نمازیں ادا کی گئیں۔ کھانے کے معاً بعد اجتماع کا اجلاس علمی تقاریر کے ساتھ شروع ہوا۔ آخر پر مجلس سوال وجواب منعقد ہوئی۔ جس میں مربیان سلسلہ نے حاضرین کے سوالوں کے جوابات دیئے۔ الحمد للہ کہ ہمارے تمام انصار بھائی اس پروگرام میں بھی شامل ہوئے اور متعدد نے ان مجالس میں باقاعدہ طور پر حصہ بھی لیا۔ اجتماع کا یہ اجلاس دس بجے اختتام پذیر ہوا۔ آخر پر ہالینڈ اور جرمنی کے انصار کے مابین ٹیبل ٹینس کے مقابلے منعقد ہوئے۔ جس میں ہالینڈ کے نائب صدر مجلس انصار اللہ عبدالباسط صاحب اور منظور احمد صاحب مظہر نے شرکت کی۔ جرمنی کی طرف سے نصیر احمد برمی، مجید ڈوگر اور خاکسار شامل ہوئے۔

